ilmkidunya

علم کی دنیا

# Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Test

Q1. خاندان سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** میاں،بیوی اور ان کے بچے اگر ہوں تو سب مل جل کر جب اپنی معاشرتی زندگی اکھٹی گزاریں تو اسے ہم خاندان یا کنبہ کہتے ہیں.

Q2. برادری کے چار وظائف بیان کریں.

**Ans 1:** برادری افراد کے لیے ازواجی رشتہ فراہم کرتی ہے. 2.برادری قدیم روایات ،رسوم اور اقدار کو قائم رکھتی ہے. 3.برادری خوشی غمی میں آپس میں تعاون کرتی ہے. 4.برادری اپنے افراد کی سالمیت ،یکجہتی اور ہمدردی پیدا کرتی ہے.1

Q3. مذہب کس طرح یک جہتی لاتا ہے؟

**Ans 1:** مذہبی اقدار کی تعلیم و ترویج،جتنی زیادہ کی جائے گی اتنا ہی قومی یکجہتی میں اضافہ ہوگا کیونکہ غیر مذہبی معاشروں کو اگر فروغ دیا گیا تو نظریہ پاکستان بےمعنی ہوگا اور پاکستان کا حصول جن مقصد کے لیے کیا گیا تھا وہ مقاصد تنقید کا نشانہ بن جائیں گے،اس لیے قومی یک جہتی کے فروغ کے لیے مذہبی تعلیم ،مذہبی اقدار اور روایات کو زیادہ سے زیادہ مقبول کیا جائے.ان میں دینی تعلیم ،حج ،زکوٹ و عشر،روزہ نماز شامل ہیں.

Q4. شرح انحصار سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** شرح انحصار سے مراد کمانے والے افراد اور ان کمانے والے افراد پر انحصار کرنےو الے افراد کے درمیان تناسب شرح انحصار کہلاتا ہے.

Q5. معاشرتی منصب کی تعریف کریں.

**Ans 1:** معاشرتی منصب وہ نمایاں مقام ہے جو معاشری کسی فرد کو اس کی گروہی زندگی میں عطا کرتا ہے،

Q6. منصب اور کار منصب کا تعلق لکھیں.

**Ans 1:** منصب اور کار منصب ایک دوسرے سے اس طرح تعلق رکھتے ہیں جیسے ایک ورق کے دونوں صفحات یعنی دونوں کو بھی کسی طرح ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا.

Q7. اکتسانی منصب سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** اکتسانی منصب کو حاصل کردہ یا تحصیلی منصب بھی کہتے ہیں.اس کے حاصوول کے لیے فرد کو خاص صلاحیتوں کی ضرورت پڑتی ہے.انفرادی صلاحیتوں اور محنت کی بنا پر ہر فرد کی اکتسابی یا تحصیلی منصب حاصل ہوتا ہے.

Q8. منصب کی اقسام بیان کریں.

**Ans 1:** منصب کی اقسام درج ذیل ہیں. 1.عطاشدہ یا نسبی منصب 2.اکتسابی یا حاصل کردہ منصب

Q9. تصادم کار منصب کی تعریف کریں.

**Ans 1:** جب کئی کار ہائے منصب ایک دوسرے کے خلاف ہوں،ان میں باہمی تضاد فرد کے ذہن میں الجھن پیدا کر دے اور اوہ ان کو کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہیں کر پاتا تو اسے کار منصب کا تصادم کہتے ہیں.

---

Q10. چک یا گاؤں سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** بستی جب زیادہ لوگوں پر محیط ہو جائے ،افراد کی تعداد زیادہ ہو جائے اور اس میں بنیادی ضروریات زندگی کی چیزوں میں اضافہ ہو جائے تو ایسے علاقہ کو چک یو گاؤں کہتے ہیں.

---